تبصرے اور تاثرات

☆ ماہنامہ نقیبِ ختمِ نبوت، ملتان، اگست ۲۰۰۲ء

آج کل کتابی ضخامت وقامت اور حلیہ وحجم کے اردو جریدے، بیشتر ادبی موضوعات سے سروکار رکھے ہوئے ہیں۔ ''السیرہ'' نے اس فیشن سے یکسر ہٹ کر ایک نیا اور منفرد تجربہ کیا، اور ہر چھے ماہ بعد، سیرت نبوی (علیہ التحیۃ والتسلیم) پر ایک ''کتاب'' پیش کرنے کا بیڑا اٹھایا۔ ماشاء اللہ، اب ساتواں شمارہ (ربیع الاوّل ۱۴۲۳ھ) ہمارے سامنے ہے۔

خصوصاً فاضل جلیل پروفیسر ظفر احمد صاحب کا مقالہ ''کتاب اللہ واصحاب رسول اللہ'' اس پائے کی علمی کاوش ہے کہ کڑے سے کڑے تحقیقی معیار پر پرکھا جائے، تو داد کا مستحق ٹھہرے۔ یہ مقالہ کم اور ایک نہایت نپا تلا، بادلیل و باحوالہ، اور نہایت مؤثر ''لیکچر'' زیادہ ہے۔ استدلال اور بیان کا بہاؤ ایسا کہ قاری سرشاری اور ''گرفتاری'' کی کیفیت میں اس بہاؤ کے ساتھ ساتھ بہتا چلا جاتا ہے۔ اور ایک لطف بلکہ کمال یہ بھی ہے کہ حوالے، ہر دو طرح کے مآخذ سے دیئے گئے ہیں۔ یعنی معروف معنوں میں ''مخالف'' اور ''موافق'' مآخذ سے۔

☆ الفارق، کراچی، ربیع الاول ۱۴۲۳ھ

''السیرہ'' کا زیر نظر یہ چھٹا شمارہ ہے، اور یہ شمارہ بھی سابقہ شماروں کی طرح تحقیقی، علمی اور معیاری مقالات ومضامین پر مشتمل ہے، اس میں ''صبر واستقامت اور موجودہ معاشرہ'' کے عنوان سے ایک طویل اور تحقیقی اداریہ شامل ہے، اس کے بعد تقریباً گیارہ مضامین، سیرت کے موضوع سے متعلق آگئے ہیں،

''السیرہ'' اپنی نوعیت کا منفرد تحقیقی مجلّہ ہے، اہل علم اور سیرت کے موضوع پر تحقیقی کام کرنے اور اس کے ساتھ دلچسپی رکھنے والے بطور خاص اس سے بہت استفادہ کرسکتے ہیں۔

☆ ماہنامہ تعمیر افکار، کراچی، مارچ ۲۰۰۲ء

دوسال قبل کراچی کے معروف علمی خاندان نے ''السیرہ'' کے عنوان سے شش ماہی علمی وتحقیقی مجلّے کا اجراء و آغاز کیا ہے، مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب علیہ الرحمہ کے فرزند حافظ سید فضل الرحمٰن زید